27/01/2026

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینسید مبشر رُفاعی

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائنز

*.......بھارت اور یورپی یونین نے آزاد تجارتی معاہدے پر کئے دستخط

*....... سرینگر ۔ جموں قومی شاہراہ پر ادھمپور کے نزدیک سڑک حادثے میں4افراد جان بحق// لیفٹنٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے کیا دکھ کا اظہار۔

*.......وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے تحت جمونمیں مختلف سیکٹروں کے نمائندوں کے ساتھ کیا تبادلہ خیال۔

اور

*.......وادی میں مو سم نے ایک مرتبہ پھر بدلے مزاج// سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ بند// ہوائی ٹریفک متاثر۔

مو دی

بھارت اور یورپی یونین نے آزاد تجارتی معاہدے کو آج حتمی شکل دی۔ اس معاہدے پر نئی دلی اور یورپین کمیشن Antonio Costa میں وزیر اعظم نریندر مودی اور یورپین کونسل کے صدر کے مابین ہوئی وفد کی سطح کی بات چیت کے دوران دستخط Ursula Von Der Leyenکی صدر کئے گئے۔

طرفین نے تجارت، سکیورٹی، دفاعی شراکت داری، موبلیٹی، ڈیزاسٹر منیجمنٹ اور گرین ہائیڈروجن جیسے شعبوں میں سات معاہدوں پر دستخط کئے ۔ اس موقعے پر وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور یورپی یونین کے درمیان رشتے مضبوط ہو کر نئی بلندیوں کو پہنچ گئی ہے۔

---(PM)--Byte------

پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل سے شروع ہو رہا ہے اور اس تعلق سے تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں۔ آج پارلیمنٹ ہاوس کمپلیکس نئی دلی میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی صدارت میں ایک کُل جماعتی میٹنگ منعقد ہوئی، جس دوران اجلاس کو احسن طریقے پر چلانے سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

میٹنگ میں راجیہ سبھا میں لیڈر آف ہاوس جے پی نڈا کے علاوہ مرکزی وزراءکرن رجیجو ، ارجن رام میگھوال اور ڈاکٹر ایل مرگن بھی موجود تھے۔

ادھمپور حادثہ

آج سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ پرجکھینی چوک ادھمپور کے نزدیک ایک دلدوز حادثے میں اُس وقت4افراد جان بحق ہوئے جب ڈوڈہ سے جموں آ رہی ایک تیز رفتار بس پہلے ایک موٹر سائیکل سے ٹکرائی اور بعد میں اسی گاڑی نے سڑک کے کنارے کام کر رہے 2میکنکس کو ٹکر مار دی۔

ہمارے ادھمپور کے نمائندے اچن ڈُھوبے نے خبر دی ہے کہ موٹر سائیکل کو ٹکر مارنے کے بعد گاڑی میں سوار2افراد نیچے گر کر موقعے پر ہی جان بحق ہوئے اور ساتھ ہی2میکنکس بھی موقعے پر ہی دم توڑ بیٹھے۔ اس حادثے میں ایک خاتون کے زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے۔

تعزیتLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ادھمپور میں پیش آئے سڑک حادثے کے دوران ہوئے قیمتی جانوں کے زیاں پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔

ایک تعزیتی پیغام میں ایل جی نے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کر تے ہوئے زخمیوں کی صحتیابی کےلئے دعا کی۔

عمر تعزیت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی ادھمپور حادثے پر دکھ کا اظہار کر تے ہوئے4قیمتی جانوں کے زیاں پر رنج و الم کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے متاثرہ کنبوں کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی۔

فاروق تعزیت

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ادھمپور میں پیش آئے سڑک حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے جاں بحق ہوئے افراد کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی ظاہر کر تے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کےلئے دعا کی ہے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آ ج جموں میں بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے تحت مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں کے ساتھ بات چیت کی اور ایک عوام دوست اور شمولیاتی ترقی پر مبنی بجٹ تیار کرنے سے جڑے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعلیٰ نے اس موقعے پر مختلف سیکٹروں کی ضروریات اور ترجیحات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوننے متعلقین کو یقین دلایا کہ تجاویز کو بجٹ میں ملحوظ نظر رکھا جائے گا۔

میٹنگ میں کا بینی وزراءسکینہ ایتو ، جا وید احمد ڈار، ستیش شرما اور چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجودتھے۔

راتھر

قانون ساز اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج جموں میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران2فروری سے شروع ہونے والے بجٹ اجلاس کی موثر کوریج سے جڑے معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

انہوننے اجلاس کی زیادہ سے زیادہ کوریج کو یقینی بنانے کےلئے میڈیا برادری کا تعاون طلب کیا۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے آج بڈگام ضلعے کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے وہاں برف ہٹانے اورلازمی خدمات کی بحالی کے اقدامات کا جائزہ لیا۔

ہمارے نمائندے شوکت شاہ نے خبر دی ہے کہ نائب وزیر اعلیٰ نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ضلعے کی تمام سڑکوں پر سے برف ہٹانے کے کام میں تیزی لانے کے ساتھ ساتھ لازمی خدمات کی دستیابی کو بھی یقینی بنائیں۔بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہا ۔

------Dy CM------

رانا

جنگلات اور ماحولیات کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج بہرا مینڈھر میں ایک عوامی در بار کے دوران لوگوں کو درپیش مسائل اور وہاں کے ترقیاتی منظر کا جائزہ لیا۔

ناگپال

طبی نگہداشت کے شعبے میں ریفرل نظام کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ جس کے تحت مریضوں کو بہتر علاج و معالجہ کےلئے ایک اسپتال سے دوسرے اسپتال یا ایک شعبے سے دوسرے شعبے میں منتقل کیا جاتا ہے۔

اس تعلق سے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر اجیت کمار ناگپال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------Nagpal------

پرگتی

ملک میں اہم ترقیاتی پروجیکٹوں کی موثر عمل آوری کے لئے مرکزی سرکار نے 2015 سے پرگتی نام کی پہل شروع کی جس کی رو سے وزیر اعظم نریندر مودی بذاتِ خود پروجیکٹوں کی نگرانی کر کے ان کی معیاد بند مدت کے اندر تکمیل کو یقینی بناتے ہیں ۔

اس پہل کے بارے میں ایک ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--(Byte)--

پدم ایوارڈ

مرکزی حکومت نے سال 2026 کے لئے 131 پدما ایوارڈس کا اعلان کیا ہے ۔ ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں جموں کے سماجی کارکن برج لال بٹ بھی شامل ہیں۔ انہوں نے آکاشوانی سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

------Brijlal------

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔

-----Gong-----

DGP

پولیس کے ڈائریکٹر جنرل نلین پربھات اور دیگر افسروں و اہلکاروں نے آج جمونو کشمیر کے سابق DGP بی ایس بےدی کو خراج عقیدت ادا کیا ۔

آنجہانی 25جنوری کو فوت ہوئے اور وہ یوپی کاڈر کے1961 بیچ کے IPSآفیسر تھے۔

کشمیرپولیس

پولیس نے آج بارہمولہ ضلعے کے مختلف علاقوں میں ضرورت مند لوگوں کی مدد کی۔ پولیس نے وتر گام علاقے میں ناخوشگوار موسم کے با وجود ایک حاملہ خاتون کو علاج و معالجہ کےلئے SDH کریری پہنچایا ۔

پولیس نے گاندربل، شوپیان،کولگام، کپواڑہ اور دیگر علاقوں میں بھی لوگوں کی راحت رسانی اور مختلف مقامات پر درماندہ لوگوں کو اپنی اپنی منزلوں تک پہنچانے میں مدد کی۔

جموں پولیس

چوری کے ایک معاملے کو حل کرتے ہوئے اعجاز احمد ملک نامی ملزم کو ATMجمونپولیس نے گرفتار کیا ہے۔

خورشید گنائی

جمونو کشمیر میں منشیات کی بدعت ہر گزرتے دن کے ساتھ پھیل رہی ہے اور کا فی تعداد میں نوجوان اس لت کے شکار ہو رہے ہیں۔ اس مسئلے کی سنگینیت کے بارے میں گروپ آف کنسرنڈ سٹیزنز کے چیر مین اور سابق گورنر کے مشیر خورشید احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------Khurshid-----

مطالبہ

عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کےلئے عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے۔

NC

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آئین، جمہوریت اور جمہوری اداروں کے تقدس کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

جموں میں یوم جمہوریہ کے سلسلے میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ آئین ہی ملک کی وحدت اور سالمیت کی بنیاد ہے۔

دریں اثناءپارٹی کے نائب صوبائی صدر کشمیر احسان پردیسی نے آج گونی کھن امیرا کدل میں لوگوں بالخصوص چھاپڑی فروشوں کے مسائل سنے۔

کھٹانہ

بی جے پی کے سینئر لیڈر و پارلیمنٹ ممبر انجینئر غلام علی کھٹانہ اور باہو اسمبلی حلقے کےMLA وِکرم رندھاوا نے آج جموں کے ستواری بلاک میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر انجینئر غلام علی کھٹانہ نے کہا کہ موجودہ مرکزی سرکار نے جمونو کشمیر کی ترقی کےلئے مناسب اقدامات کئے ہیں۔

BJP

Coجمونو کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر اور آسام اسمبلی انتخابات کے انچارج سنیل شرما نے آج آسام میں پارٹی کی الیکشن کمیٹی کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران ریاستی انتخابات کےلئے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

دریں اثناءپارتی کے پردیش نائب صدر راکیش مہاجن نے آج دلی میں وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ملاقات کر کے جمونو کشمیر کی سیاسی صورتحال اور پارٹی امور پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

بھاجپا نامہ

بی جے پی کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما اور پارٹی کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے آج بی جے پی ہیڈ کواٹر جموں میں" پھلکاری" نامی ایک حب الوطنی ویڈیو کو جاری کیا۔

اس دوران پردیش صدر ست شرما کی قیادت میں پارٹی نے سٹیٹ ایوارڈ پانے والے کئی افراد کی عزت افزائی کی۔

پارٹی کے ترجمان ڈاکٹر ابھیجیت سنگھ جسروٹیہ، ڈاکٹر ہری دت ششو اور میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار پر موجودہ موسمی صورتحال میں لوگوں کو راحت پہنچانے میں ناکام ہونے کا الزام لگایا ہے۔

GMشاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے مرکزی سرکار سے سرینگر اور دلی کے درمیان مسافر ریل سروس شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں انہوننے مرکزی ریلوے وزیر کی مداخلت طلب کی ہے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے انڈیا انرجی ویک2026کی افتتاحی تقریب سے خطاب کیا۔ اس موقعے پر انہوننے کہا کہ انر جی ویک کے اس شمارے میں125ممالک کے نمائندے توانائی کو تحفظ دینے اور دیر پا مستقبل سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔

بھارت۔ پاکستان

بھارت نے، آپریشن سندور کے بارے میں ، اقوام متحدہ میں پاکستان کی غلط بیانی کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ اُس نے یہ بھی کہا ہے کہ اسلام آباد کو، بھارت کے اندرونی معاملات اور خاص طور پر مرکز کے زیر انتظام جمونو کشمیر کے بارے میں رائے زنی کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھارت کے مستقل نمائندہ پی ہریش نے ایک مباحثے کے دوران پاکستانی سفیر کی رائے زنی کا جواب دیتے ہوئے سخت الفاظ میں کہا کہ دہشت گردی کو

سرکاری پالیسی کے
آلہ

---

کار پر پاکستان کی طرف سے لگاتار استعمال کئے جانے کو برداشت نہیں کیا جا ئے گا۔ ۂ

Winter

وادی مینموسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

برفباری

کل شام سے وادی کے موسم میں ایک مرتبہ پھر بدلاؤ آگیا اور برفباری اور بارشوں کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا۔ مختلف اضلاع میں موجود ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ بالائی علاقوں میں درمیانہ درجے سے بھاری برفباری ریکارڈ کی گئی جبکہ شہر سرینگر سمیت دیگر میدانی علاقوں میں ہلکی برفباری ریکارڈ کی گئی۔

بارشوں اور برفباری کا یہ سلسلہ شام دیر گئے تک رُک رُک کر جا ری تھا۔ انتظامیہ نے سڑکوں کو قابل آمد و رفت بنانے کےلئے فوری طوراپنی افرادی قوت اور مشینری کو کام پر لگاتے ہوئے بیشتر سڑکوں پر سے برف ہٹا ئی ہے اور لازمی خدمات کو بحال رکھنے کےلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

برفباری کی وجہ سے سرینگر ۔ جموں قومی شاہراہ، سرینگر۔ لیہہ شاہراہ اور مغل روڈ آمد و رفت کےلئے بند کر دیئے گئے ہیں۔ سرینگر کے ہوائی اڈے سے آج پروازوں کی آواجائی کا سلسلہ متاثر رہا۔

شاہراہ بند

اس دوران ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے حکام کا حوالہ دےکر خبر دی ہے کہ خراب موسمی صورتحال کے مد نظر سرینگر۔ جموں قومی شاہراہ پر کل یعنی28جنوری کو بھی کسی گاڑی کو چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

ڈاکٹر مختار

سرینگر میں
محکمہ

---

موسمیات کے سربراہ ڈاکٹرمختار احمد نے جمونو کشمیر میں اُبھرتی ہوئی موسمی صورتحال ۂ کے بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

------Dr.Mukhtar------

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی بارش یابرفباری کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت2اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 0 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت16اعشاریہ3ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر31منٹ اور

غروب آفتاب شام5 بجکر57منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ